محمدﷺآئے 5x

محمد مصطفی ﷺ آئے بہار اندر بہار آئی
زمیں کو چومنے جنت کی خوشبو بار بار آئی

جناب آمنہ کا چاند جب چمکا زمانے میں
کمر کی چاندنی قدموں پہ ہونے کو نثار آئی

محمد مصطفی ﷺ آئے بہار اندر بہار آئی
زمیں کو چومنے جنت کی خوشبو بار بار آئی

حلیمہ دو جہاں قربان ہوں تیرے مقدر پر
ترے کچے سے گھر میں رحمت پروردگار آئی

محمد مصطفی ﷺ آئے بہار اندر بہار آئی
زمیں کو چومنے جنت کی خوشبو بار بار آئی

بَڑی مایوس تھی دائی حلیمہ جب گئی مکے
مگر آئی تو لیکر دو جہاں کا تاجدار آئی

محمد مصطفی ﷺ آئے بہار اندر بہار آئی
زمیں کو چومنے جنت کی خوشبو بار بار آئی

ربیع النور کی صبح خبر پھیلی یہ مکے میں
کہ رحمت دو جہانوں کی ہے عبداللہ کے گھر آئی

حلیمہ سعدیہ نےآپﷺکو دیکھا تویہ فرمایا
کہاں سے نور یہ چمکا جہاں میں روشنی آئی

محمد مصطفی ﷺ آئے بہار اندر بہار آئی
زمیں کو چومنے جنت کی خوشبو بار بار آئی

میلاد مصطفی میں کیوں مناؤں نہ ظہیر ان کا
کہ جنکے آنے سے دنیا اندھیروں سے نکل آئی

محمد مصطفی ﷺ آئے بہار اندر بہار آئی
زمیں کو چومنے جنت کی خوشبو بار بار آئی

وہ آئے تو منادی ہو گئی صائم زمانے میں
بہار آئی بہار آئی مدینے میں بہار آئی

محمد مصطفی ﷺ آئے بہار اندر بہار آئی
زمیں کو چومنے جنت کی خوشبو بار بار آئی